اپنے علم، تجربے اور سمجھ بوجھ سے کام لے کر "افکار و عمل" کے عنوان سے انہوں نے مولانا سیّد ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی ایسی تحریریں یک جا کر دی ہیں جن کا تعلق تربیتِ ذہن و کردار سے ہے۔ اُمید ہے کہ یہ مختصر سا انتخاب اپنے مقصد کے حصول میں کامیاب رہے گا، اور کارکنان اس کی قدر کریں گے۔

خواتین، طلبہ اور طالبات کی تربیت گاہوں کے لیے بھی یہ مفید ہے۔

---

MUSLIMS IN YOGOSLAYIA | از قلم مشتاق پارکر، ایم ایس سی، لندن - ناشر: کریسنٹ اسلامک سنٹر، ٹورنٹو، کینیڈا - قیمت درج نہیں۔

انگریزی تحریروں کا یہ دردناک مجموعہ بہت ہی خوبصورت معیارِ طباعت کے ساتھ آیا ہے۔ مسلمانانِ عالم میں جب سے سر اُٹھانے کا جذبہ پیدا ہوا ہے، ہر جگہ (حتیٰ کہ مسلم ملکوں میں بھی لادینیت پسندوں کی طرف سے) ان کو سخت آزمائشیں درپیش ہیں۔ لیکن بعض ملکوں میں یہ آزمائش حد درجہ سنگین ہے۔ یوگوسلاویہ ایسا ہی ایک ملک ہے۔ اس میں کمیونسٹ ملحد حکومت کی مسلم کشی و ملت آزاری کی بڑی خوفناک مہم چل رہی ہے۔ عام مظالم کے علاوہ بعض خاص مقدمات اور نظربندیوں کی داستانیں دل ہلا دینے والی ہیں۔ انہی میں سے ایک ملکہ صالحہ MELIKA SALEHBEGOVIC کی روئیداد آزمائش ہے جس کا ترجمہ اس اشاعت کے لیے تیار نہ ہو سکا۔ یوں سمجھیے کہ زینب الغزالی کی سی رُوح اس خاتون میں کام کر رہی ہے۔

اس کتاب یا پمفلٹ کو وہ لوگ ضرور پڑھیں جو پاکستان میں لادینیت اور سوشلزم کے جھنڈے بلند کر رہے ہیں۔

---

پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن | رپورٹ آٹھواں سالانہ کنونشن، پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن اجلاس منعقدہ، لاہور مئی ۸۳ء۔ - ناشر: ایسوسی ایشن مذکورہ - قیمت درج نہیں۔

اسلام کا حرکی تصور لے کر کام کیجیے تو ہر طرف مسلم قوتیں پراگندگی سے نکل کر صف بستہ ہونے